# حرفِ اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم سنگ میل: دورۂ ترجمۂ قرآن

ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ تعالیٰ غلبہ و اقامت دین کی جدوجہد اور تعلّم و تعلیم قرآن کی منصوبہ بندی کے ساتھ ۱۹۶۵ء میں لاہور منتقل ہوئے تو تحریک رجوع الی القرآن کی بنیاد اُسی وقت پڑ گئی تھی۔ آغاز میں محترم ڈاکٹر صاحب نے تن تنہا لاہور کی مختلف مساجد میں درسِ قرآن کا سلسلہ شروع کیا۔ ان کی یہی پکار تھی کہ قرآن مجید کو تہہ دل سے اللہ کی کتاب مانا جائے' اسے پڑھا جائے' اسے سمجھا جائے' اس پر انفرادی اور اجتماعی طور پر عمل کیا جائے اور اسے دوسروں تک پہنچایا جائے۔ آہستہ آہستہ ڈاکٹر صاحب کو ہم خیال افراد ملتے گئے' جنہوں نے ایک قافلے کی صورت اختیار کی اور ۱۹۷۲ء میں مرکزی انجمن خدام القرآن وجود میں آ گئی۔ قرآنی معاشرے کی تشکیل اور فریضۂ اقامت دین کی ادائیگی کے لیے ڈاکٹر صاحب نے ۱۹۷۵ء میں تنظیم اسلامی قائم کی۔ ۱۹۷۶ء میں قرآن اکیڈمی اور ۱۹۸۷ء میں قرآن کالج قائم ہوا۔ یہ سفر جاری رہا اور رجوع الی القرآن کی اس تحریک کا حلقہ اندرونِ ملک پھیلتے پھیلتے بیرونی دنیا میں بھی وسیع ہو گیا۔

ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ (۱۹۸۴ء) میں جامع القرآن' قرآن اکیڈمی لاہور میں نمازِ تراویح کے ساتھ ''دورۂ ترجمۂ قرآن'' کا آغاز کیا' جو تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا اور اسے قرآن فہمی کے ایک مؤثر ذریعے کی حیثیت حاصل ہو گئی۔ دورۂ ترجمۂ قرآن کے اس سلسلے کو بہت زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے نہ صرف پاکستان کے طول و عرض میں بلکہ بعض دوسرے ممالک میں بھی دورۂ ترجمۂ قرآن کے حلقے قائم ہو گئے اور محترم ڈاکٹر صاحب کے بیٹے اور سینکڑوں شاگرد اس کارِ خیر میں مصروف ہو گئے۔ حسب معمول امسال بھی لاہور اور کراچی میں متعدد مقامات کے علاوہ پاکستان کے مختلف شہروں میں نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام باقاعدگی سے ہو رہے ہیں۔ قرآن اکیڈمی لاہور کی جامع القرآن میں' جہاں تیئیس سال قبل اس عظیم روایت کا آغاز ہوا تھا' محترم ڈاکٹر صاحب کے صاحبزادے ڈاکٹر عارف رشید صاحب دورۂ ترجمۂ قرآن کی ذمہ داری ادا کر رہے ہیں۔ طالبانِ قرآن کی ایک بڑی تعداد اس پروگرام میں شریک ہو کر رات کا ایک بڑا حصہ قرآن حکیم کی معیت میں بسر کرتی ہے۔ مزید برآں کیبل نیٹ ورک کے ذریعے اس سے لاہور بھر میں استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۹۹۸ء میں ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے قرآن اکیڈمی کراچی کی جامع مسجد میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا جو پروگرام مکمل کروایا تھا اس کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس پروگرام کے آڈیو/ ویڈیو کیسٹس کے بعد اب ''بیان القرآن'' سی ڈیز اور ڈی وی ڈیز بھی پوری دنیا میں پھیل چکی ہیں اور کیو ٹی وی' اے آر وائی اور سٹار پلس جیسے کئی ٹی وی چینلز کے ذریعے قرآن کا انقلابی پیغام پوری دنیا میں نشر ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر صاحب کو صحت و سلامتی عطا فرمائے اور ان کا سایہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین!